NHS Lothian

| ENGLISH | URDU |
| --- | --- |
| **Information for new patients in the United Kingdom** | **برطانیہ میں نئے آنے والے مریضوں کے لیے معلومات** |
| All people who are new to the UK are offered tests to look for infections. | برطانیہ میں نئے آنے والے تمام لوگوں کو انفیکشنز چیک کرنے کے لیے ٹیسٹ کروانے کی پیشکش کی جاتی ہے۔ |
| Some infections may not make you feel unwell now but could harm you if not found early. | کچھ انفیکشنز کی وجہ سے ابھی آپ بیمار محسوس نہیں کریں گے لیکن اگر ان کا جلد پتہ نہ چلا تو یہ آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ |
| The infections we test for have treatments to cure or control the infection. | ہم جن انفیکشنز کے لیے ٹیسٹ کرتے ہیں، ان کو ٹھیک کرنے یا کنٹرول کرنے کے لیے علاج موجود ہیں۔ |
| The tests and treatments are free. | یہ ٹیسٹ اور علاج بالکل مفت ہیں۔ |
| Information about your tests and your results will not be shared with people, outside the National Health Service (NHS), without your consent. | آپ کے ٹیسٹوں اور نتائج کے بارے میں معلومات، آپ کی اجازت کے بغیر نیشنل ہیلتھ سروس (NHS)کے باہر کسی سے بھی شیئر نہیں کی جائیں گی۔ |
| If you have any of these infections it will not prevent you applying to remain in the UK. | اگر آپ کو ان میں سے کوئی بھی انفیکشن ہے، تو یہ آپ کو برطانیہ میں رہنے کے لیے درخواست دینے سے نہیں روکے گا۔ |
| Different areas of the UK offer a different range of tests. | برطانیہ کے مختلف علاقوں میں مختلف قسم کے ٹیسٹ کی پیشکش کی جاتی ہے۔ |
| Below is a list of tests offered to most people arriving in the UK for the first time. | نیچے ان ٹیسٹوں کی فہرست دی گئی ہے جو برطانیہ میں پہلی بار آنے والے زیادہ تر لوگوں کو پیش کیے جاتے ہیں۔ |
| Being tested is optional. | ٹیسٹ کروانا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ |
| We advise tests to protect your health in the future. | ہم مستقبل میں آپ کی صحت کی حفاظت کے لیے ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ |
| Most tests are done by taking a small amount of blood from you, which your body will easily and quickly replace without you coming to any harm. | زیادہ تر ٹیسٹ آپ سے تھوڑا سا خون لے کر کیے جاتے ہیں، جسے آپ کا جسم آسانی سے اور تیزی سے بھر دے گا اور آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ |
| Some tests require a urine sample. | کچھ ٹیسٹوں کے لیے پیشاب کے نمونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ |

All new arrivals to the UK have the right to register for a GP (a family doctor who can give you medical help and advice, for free, in your local community).

# Tuberculosis

## What is it?

Tuberculosis (TB) is an infection caused by bacteria which are released into the air when someone with an infection coughs or sneezes.

Pulmonary TB (in the lungs or throat) is the only form of the illness that is infectious, but TB can affect any part of the body.

If left untreated, TB is a serious illness, but it is curable with antibiotics.

We will ask you questions to assess if you could have active TB.

We may offer you a chest x-ray or other investigations to find out if you have it.

You may not have active (infectious) TB, but you may have been exposed to it in the past (‘latent TB’).

## How could I catch it?

TB spreads between people in the air.

People with TB may not know they are ill at the time and you may have been exposed to the illness without knowing it.

## What treatment is available?

TB can be fatal without treatment but can be cured with tablets.

Treatment is usually effective however it lasts at least 6 months and may be longer depending on where TB is found in the body.

Treatment for TB is usually a mixture of 4 antibiotics.

برطانیہ میں نئے آنے والے تمام افراد کو GP) فیملی ڈاکٹر جو آپ کو آپ کی مقامی کمیونٹی میں مفت، طبی امداد اور مشورہ دے سکتا ہے( کے لیے رجسٹر کروانے کا حق حاصل ہے۔

# ٹی بی (Tuberculosis)

## یہ کیا ہے؟

ٹی بی )ٹی بی( ایک انفیکشن ہے جو بیکٹیریا سے ہوتا ہے، یہ بیکٹیریا اس وقت ہوا میں پھیلتے ہیں جب انفیکشن سے متاثرہ شخص کھانستا یا چھینکتا ہے۔

پلمونری ٹی بی )پھیپھڑوں یا گلے میں( بیماری کی وہ واحد قسم ہے جو متعدی ہے، لیکن ٹی بی جسم کے کسی بھی حصے کو متاثر کر سکتی ہے۔

اگر علاج نہ کیا جائے، تو ٹی بی ایک سنگین بیماری ہے، لیکن اس کا علاج اینٹی بائیوٹکس سے ممکن ہے۔

ہم آپ سے کچھ سوالات پوچھیں گے تاکہ یہ پتہ چل سکے کہ کیا آپ کو فعال ٹی بی ہو سکتی ہے۔

یہ جاننے کے لیے کہ کیا آپ کو یہ ہے، ہم آپ کو سینے کا ایکسرے یا دیگر ٹیسٹ کروانے کی پیشکش کر سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کو فعال )متعدی( ٹی بی نہ ہو، لیکن ہو سکتا ہے کہ آپ ماضی میں اس سے متاثر ہو چکے ہوں ('latent TB')۔

## مجھے یہ کیسے ہو سکتی ہے؟

ٹی بی ہوا میں لوگوں کے درمیان پھیلتی ہے۔

ٹی بی کے شکار افراد کو شاید اس وقت پتہ نہ ہو کہ وہ بیمار ہیں اور ہو سکتا ہے کہ آپ اس بیماری سے متاثر ہو چکے ہوں بغیر جانے۔

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

ٹی بی علاج کے بغیر جان لیوا ہو سکتی ہے لیکن گولیوں سے اس کا علاج ممکن ہے۔

علاج عام طور پر مؤثر ہوتا ہے، تاہم یہ کم از کم 6 ماہ تک جاری رہتا ہے اور جسم میں ٹی بی کی موجودگی کے لحاظ سے زیادہ وقت بھی لگ سکتا ہے۔

ٹی بی کا علاج عام طور پر 4 اینٹی بائیوٹکس کا مجموعہ ہوتا ہے۔

After 2 months of being on this treatment, patients may then be moved on to a course of 2 antibiotics for at least 4 months.

اس علاج پر رہنے کے 2ماہ بعد، مریضوں کو کم از کم 4 ماہ کے لیے 2اینٹی بائیوٹکس کا کورس دیا جا سکتا ہے۔

In the UK, TB treatment is free to everyone, regardless of immigration status.

برطانیہ میں، ٹی بی کا علاج سب کے لیے مفت ہے، چاہے ان کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔

### Can it be prevented?

### کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

If you have latent TB, treatment will prevent you from developing infectious TB.

اگر آپ کو latent TB ہے، تو علاج آپ کو متعدی ٹی بی ہونے سے روکے گا۔

If you have active (infectious) TB, you should isolate until you are no longer infectious.

اگر آپ کو فعال )متعدی (ٹی بی ہے، تو آپ کو اس وقت تک الگ رہنا چاہیے جب تک کہ آپ متعدی نہ رہیں۔

This is usually only a few

یہ عام طور پر صرف چند

weeks and you will be supported throughout your isolation.

ہفتے کی بات ہوتی ہے اور آپ کو اپنی علیحدگی کے دوران مکمل مدد ملے گی۔

## Infections found in your blood

## آپ کے خون میں پائے جانے والے انفیکشنز

HIV, Hepatitis B and Hepatitis C viruses can pass from person to person through blood, semen or vaginal fluids.

HIV، ہیپاٹائٹس B اور ہیپاٹائٹس C کے وائرس خون، منی یا اندام نہانی کے سیالوں کے ذریعے ایک شخص سے دوسرے میں منتقل ہو سکتے ہیں۔

These viruses can pass:

یہ وائرس ایسے پھیل سکتے ہیں:

From mother to baby during birth or infancy

پیدائش کے دوران یا بچپن میں ماں سے بچے تک

By having sex without a condom

کنڈوم کے بغیر سیکس کرنے سے

By sharing items contaminated with infected blood e.g. needles, or razors.

متاثرہ خون سے آلودہ اشیاء جیسے سوئیاں یا ریزر شیئر کرنے سے۔

## Hepatitis B

## ہیپاٹائٹسB

### What is it?

### یہ کیا ہے؟

Hepatitis B virus can infect the liver.

ہیپاٹائٹس B وائرس جگر کو متاثر کر سکتا ہے۔

Many people will clear the virus without treatment, but in some people, the virus can cause liver damage and liver cancer.

بہت سے لوگ علاج کے بغیر ہی وائرس سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں، لیکن کچھ لوگوں میں، یہ وائرس جگر کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور جگر کے کینسر کا سبب بن سکتا ہے۔

In most people it will cause no symptoms so you may not know if you have it.

زیادہ تر لوگوں میں یہ کوئی علامات پیدا نہیں کرتا، اس لیے آپ کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہ آیا آپ کو یہ ہے۔

## What treatment is available?

Hepatitis B does not have a cure, but it can be controlled.

If you have a high level of Hepatitis B virus or any liver damage, you will be offered treatment with tablets to control the virus.

Treatment can prevent liver failure and liver cancer.

Your doctor or nurse specialist will give you more information about treatment if it is required.

## Can it be prevented?

A vaccine to protect you from Hepatitis B is available and is free of charge.

# Hepatitis C

## What is it?

Hepatitis C is a virus which affects the liver.

Many people do not have symptoms until the liver has been significantly damaged.

A blood test is the only way to know you have the virus.

## What treatment is available?

Hepatitis C can be treated with antiviral tablets over 8–12 weeks.

This usually cures the infection.

Early treatment will prevent serious complications such as liver damage, liver failure or liver cancer.

## Can it be prevented?

There is currently no vaccine or medications available to prevent you being infected with this virus.

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

ہیپاٹائٹس B کا کوئی علاج نہیں ہے، لیکن اسے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کے ہیپاٹائٹس B وائرس کی سطح زیادہ ہے یا جگر کو کوئی نقصان پہنچا ہے، تو آپ کو وائرس کو کنٹرول کرنے کے لیے گولیوں سے علاج کی پیشکش کی جائے گی۔

علاج جگر کے فیل ہونے اور جگر کے کینسر کو روک سکتا ہے۔

آپ کا ڈاکٹر یا نرس سپیشلسٹ اگر ضروری ہوا تو آپ کو علاج کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا۔

## کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

ہیپاٹائٹس B سے بچانے کے لیے ایک ویکسین دستیاب ہے اور یہ بالکل مفت ہے۔

# ہیپاٹائٹسC

## یہ کیا ہے؟

ہیپاٹائٹس C ایک وائرس ہے جو جگر کو متاثر کرتا ہے۔

بہت سے لوگوں میں جگر کو نمایاں نقصان پہنچنے تک علامات ظاہر نہیں ہوتی ہیں۔

خون کا ٹیسٹ ہی یہ جاننے کا واحد طریقہ ہے کہ آپ کو یہ وائرس ہے۔

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

ہیپاٹائٹس C کا علاج 8 سے 12ہفتوں تک اینٹی وائرل گولیوں سے کیا جا سکتا ہے۔

یہ عام طور پر انفیکشن کو ٹھیک کر دیتا ہے۔

جلد علاج جگر کو پہنچنے والے نقصان، جگر کے فیل ہونے یا جگر کے کینسر جیسی سنگین پیچیدگیوں کو روکے گا۔

## کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

فی الحال اس وائرس سے متاثر ہونے سے بچانے کے لیے کوئی ویکسین یا دوائیں دستیاب نہیں ہیں۔

Being treated for the infection does not prevent you from acquiring it again in future.

انفیکشن کے لیے علاج کروانے سے آپ کو مستقبل میں دوبارہ انفیکشن ہونے سے نہیں روکتا۔

# Human Immunodeficiency Virus (HIV)

# ہیومن امیونوڈیفیشنسی وائرس (HIV)

## What is it?

## یہ کیا ہے؟

HIV is a virus which over time can affect your immune system, which is your body's ability to protect you from infections.

HIV ایک وائرس ہے جو وقت کے ساتھ آپ کے مدافعتی نظام کو متاثر کر سکتا ہے، جو آپ کے جسم کی انفیکشنز سے بچنے کی صلاحیت ہے۔

You often do not feel unwell straight away.

آپ کو اکثر فوراً بیمار محسوس نہیں ہوتا۔

However, if you have this infection, you can be given treatment which controls the virus.

تاہم، اگر آپ کو یہ انفیکشن ہے، تو آپ کو علاج دیا جا سکتا ہے جو وائرس کو کنٹرول کرتا ہے۔

This stops it from causing you harm and prevents you from passing it on to other people.

یہ اسے آپ کو نقصان پہنچانے سے روکتا ہے اور آپ کو اسے دوسرے لوگوں تک پھیلانے سے بھی روکتا ہے۔

## What treatment is available?

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

There are different treatments available, usually a single tablet once a day.

مختلف علاج دستیاب ہیں، عام طور پر دن میں ایک بار ایک گولی۔

This cannot cure the infection but can control the virus so that we can no longer detect it in the blood, and it cannot pass on to other people.

یہ انفیکشن کو ٹھیک تو نہیں کر سکتا، لیکن وائرس کو کنٹرول کر سکتا ہے تاکہ ہمیں خون میں اس کا مزید پتہ نہ چل سکے، اور یہ دوسرے لوگوں میں منتقل نہیں ہو سکتا۔

If treatment is started early, you can have a normal life expectancy and your immune system function will stabilise and, in most cases, improve.

اگر علاج جلد شروع کر دیا جائے تو، آپ کی متوقع عمر نارمل ہو سکتی ہے اور آپ کے مدافعتی نظام کا کام مستحکم ہو جائے گا اور زیادہ تر معاملات میں، بہتر ہو جائے گا۔

## Can it be prevented?

## کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

There is no vaccine currently available.

فی الحال کوئی ویکسین دستیاب نہیں ہے۔

If you are at risk of HIV, you can get medication to reduce the risk of infection.

اگر آپ کو HIV کا خطرہ ہے، تو آپ انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے دوا لے سکتے ہیں۔

## What am I entitled to?

## میں کس چیز کا حقدار ہوں؟

Free HIV treatment and follow-up

HIV کا مفت علاج اور فالو اپ

If you are found to have acquired HIV this does not affect your right to apply for asylum in the UK

اگر آپ کو HIV ہو جائے تو یہ برطانیہ میں پناہ کی درخواست دینے کے آپ کے حق کو متاثر نہیں کرتا۔

Your HIV status will not affect your right to work in the UK

آپ کی HIV کی حیثیت برطانیہ میں آپ کے کام کرنے کے حق کو متاثر نہیں کرے گی

You will have access to free specialist care with regular, private and confidential follow up from non-hostile and non-judgmental health care professionals.

آپ کو مفت ماہرانہ نگہداشت تک رسائی حاصل ہو گی جس میں غیر مخالف اور غیر جانبدار صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کی طرف سے باقاعدگی سے، نجی اور خفیہ فالو اپ شامل ہو گا۔

If you already know you have HIV, it is important that you tell your GP as soon as possible so you can continue treatment and see an infection specialist.

اگر آپ پہلے سے جانتے ہیں کہ آپ کوHIV ہے، تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے GP کو جلد از جلد بتائیں تاکہ آپ اپنا علاج جاری رکھ سکیں اور کسی انفیکشن کے ماہر سے مل سکیں۔

## Syphilis

## سِفلس (Syphilis)

### What is it?

### یہ کیا ہے؟

Syphilis is a bacterial infection passed through sexual contact.

سِفلس ایک جنسی طور پر منتقل ہونے والا بیکٹیریل انفیکشن ہے۔

Symptoms change over time and can include painless sores or ulcers, swollen lymph glands, fever and weight loss.

وقت کے ساتھ علامات بدلتی رہتی ہیں اور ان میں درد کے بغیر زخم یا السر، سوجن والے لمف گلینڈز، بخار اور وزن میں کمی شامل ہو سکتی ہے۔

Symptoms can involve all parts of the body at different stages, but some people do not have any symptoms.

علامات جسم کے تمام حصوں کو مختلف مراحل میں متاثر کر سکتی ہیں، لیکن کچھ لوگوں میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتی ہیں۔

If you have a sexual partner, they will also need to be tested for syphilis and they will be offered testing and treatment.

اگر آپ کا کوئی جنسی پارٹنر ہے، تو اسے بھی سِفلس کے لیے ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی اور انہیں ٹیسٹ اور علاج کی پیشکش کی جائے گی۔

If you are pregnant and have syphilis, you can pass it onto the baby before it's born and increase the risk of miscarriage, premature birth and stillbirth.

اگر آپ حاملہ ہیں اور آپ کو سِفلس ہے، تو آپ اسے پیدا ہونے سے پہلے بچے میں منتقل کر سکتی ہیں اور اسقاط حمل، قبل از وقت پیدائش اور مردہ بچے کی پیدائش کا خطرہ بڑھا سکتی ہیں۔

### How could I catch it?

### مجھے یہ کیسے ہو سکتی ہے؟

You can get syphilis by having vaginal, anal or oral sex with someone who has the infection.

آپ کو انفیکشن سے متاثرہ شخص کے ساتھ اندام نہانی، مقعد یا اورل سیکس کرنے سے سِفلس ہو سکتا ہے۔

### What treatment is available?

### کون سا علاج دستیاب ہے؟

Syphilis is curable with antibiotics which are usually given by injection.

سِفلس کا علاج اینٹی بائیوٹکس سے کیا جاتا ہے جو عام طور پر انجیکشن کے ذریعے دی جاتی ہیں۔

You may need to get repeat testing at 6 and 12 weeks after treatment to ensure the infection has been cured.

آپ کو علاج کے 6 اور 12ہفتوں بعد دوبارہ ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ انفیکشن ٹھیک ہو چکا ہے۔

### Can it be prevented?

### کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

There is currently no vaccine or medication available to prevent you from getting this infection.

فی الحال اس انفیکشن سے بچانے کے لیے کوئی ویکسین یا دوا دستیاب نہیں ہے۔

Syphilis can be prevented by using condoms when you have sex, and also by getting tested once a year, or if you have a new sexual partner.

جب آپ سیکس کرتے ہیں تو کنڈوم کا استعمال کرنے سے، اور سال میں ایک بار ٹیسٹ کروا کر، یا اگر آپ کا کوئی نیا جنسی پارٹنر ہے، تو سِفلس کو روکا جا سکتا ہے۔

# Strongyloides

# اسٹرونگیلوائڈز (Strongyloides)

## What is it?

## یہ کیا ہے؟

Strongyloides is a parasitic worm which usually lives in soil (but is too small to see) and infects you through your skin.

اسٹرونگیلوائڈز ایک پیراسائٹک کیڑا ہے جو عام طور پر مٹی میں رہتا ہے )لیکن اتنا چھوٹا ہوتا ہے کہ اسے دیکھا نہیں جا سکتا (اور آپ کی جلد کے ذریعے آپ کو متاثر کرتا ہے۔

It enters your lungs and intestines through your bloodstream.

یہ آپ کے خون کے ذریعے آپ کے پھیپھڑوں اور آنتوں میں داخل ہوتا ہے۔

It can cause skin or digestive symptoms that can come and go.

یہ جلد یا ہاضمے کی علامات پیدا کر سکتا ہے جو آتی جاتی رہتی ہیں۔

Some infections can become chronic and last for years or even be fatal.

کچھ انفیکشنز دائمی ہو سکتے ہیں اور برسوں تک رہ سکتے ہیں یا یہاں تک کہ جان لیوا بھی ہو سکتے ہیں۔

Tests for Strongyloides include testing different bodily fluids for signs of the worm, such as stool and blood.

اسٹرونگیلوائڈز کے ٹیسٹوں میں کیڑے کی علامات کے لیے مختلف جسمانی سیالوں، جیسے پاخانہ اور خون کا ٹیسٹ شامل ہے۔

## How could I catch it?

## مجھے یہ کیسے ہو سکتی ہے؟

Walking barefoot in contaminated soil in tropical and subtropical locations or having a weakened immune system can put you at risk of getting Strongyloides infection.

گرم مرطوب اور ذیلی گرم مرطوب علاقوں میں آلودہ مٹی پر ننگے پاؤں چلنا یا کمزور مدافعتی نظام رکھنا آپ کو اسٹرونگیلوائڈز انفیکشن کے خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

## What treatment is available?

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

Strongyloides is easily treated with an anti-parasitic medication in tablet form.

اسٹرونگیلوائڈز کا علاج اینٹی پیراسائٹک دوا کی گولی سے آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔

## Can it be prevented?

## کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

Strongyloidiasis can't always be prevented.

اسٹرونگیلوائیڈیسس کو ہمیشہ روکا نہیں جا سکتا۔

However not walking barefoot when traveling to warm or tropical climates can reduce your risk of infection.

تاہم گرم یا گرم مرطوب آب و ہوا میں سفر کرتے وقت ننگے پاؤں نہ چلنا آپ کے انفیکشن کے خطرے کو کم کر سکتا ہے۔

# Schistosomiasis

# شسٹوسومیاسس (Schistosomiasis)

### What is it?

Schistosomiasis, sometimes known as bilharzia, is an infection caused by a parasitic worm.

The parasite lives in fresh water (such as rivers and lakes) in subtropical and tropical regions.

Symptoms may include a red itchy rash, high temperature, cough, diarrhoea, abdomen and joint pain.

The parasite can remain in the body for many years and cause damage to the bladder, kidneys and liver and some types increase your risk of developing bladder cancer.

Schistosomiasis is usually diagnosed by a blood test but can also be diagnosed by finding parasite eggs in your urine or stool sample.

### How could I catch it?

You become infected if you come into contact with contaminated fresh water in subtropical and tropical regions, for example when swimming, paddling or washing.

### What treatment is available?

It can be cured with a short course of an anti-parasitic medication.

Sometimes treatments may need to be repeated after a few weeks.

### Can it be prevented?

There is currently no vaccine or medication available to prevent you from getting this infection.

People who travel to areas affected by schistosomiasis should avoid swimming, drinking and washing in fresh water that is likely to be contaminated.

## Infections detected in your urine

## Chlamydia and Gonorrhea

### یہ کیا ہے؟

شسٹوسومیاسس، جسے بعض اوقات بلہارزیا بھی کہا جاتا ہے، ایک انفیکشن ہے جو پیراسائٹک کیڑوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔

یہ پیراسائٹ ذیلی گرم مرطوب اور گرم مرطوب علاقوں میں تازہ پانی )جیسے دریاؤں اور جھیلوں (میں رہتا ہے۔

علامات میں سرخ خارش، تیز بخار، کھانسی، اسہال، پیٹ کا درد اور جوڑوں کا درد شامل ہو سکتا ہے۔

یہ پیراسائٹ کئی سالوں تک جسم میں رہ سکتا ہے اور مثانے، گردوں اور جگر کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور کچھ اقسام مثانے کے کینسر ہونے کے خطرے کو بڑھاتی ہیں۔

شسٹوسومیاسس کا عام طور پر خون کے ٹیسٹ سے پتہ چلتا ہے لیکن آپ کے پیشاب یا پاخانہ کے نمونے میں پیراسائٹ کے انڈے پائے جانے سے بھی اس کا پتہ چل سکتا ہے۔

### مجھے یہ کیسے ہو سکتی ہے؟

اگر آپ گرم مرطوب اور ذیلی گرم مرطوب علاقوں میں آلودہ تازہ پانی کے ساتھ رابطے میں آتے ہیں، مثال کے طور پر جب تیراکی، پیڈلنگ یا دھوتے ہوئے، تو آپ متاثر ہو جاتے ہیں۔

### کون سا علاج دستیاب ہے؟

اس کا علاج اینٹی پیراسائٹک دوا کے ایک مختصر کورس سے کیا جا سکتا ہے۔

بعض اوقات چند ہفتوں کے بعد علاج کو دہرانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

### کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

فی الحال اس انفیکشن سے بچانے کے لیے کوئی ویکسین یا دوا دستیاب نہیں ہے۔

جو لوگ شسٹوسومیاسس سے متاثرہ علاقوں کا سفر کرتے ہیں انہیں تازہ پانی میں تیراکی کرنے، پینے اور دھونے سے گریز کرنا چاہیے جس کے آلودہ ہونے کا امکان ہو۔

## آپ کے پیشاب میں پائے جانے والے انفیکشنز

## کلیمائیڈیا اور گنوریا

## What is it?

Chlamydia and gonorrhea are common sexually transmitted bacterial infections.

Symptoms of both include pain when urinating, unusual discharge from the vagina, penis or anus, stomach pain, pain in the testicles or red eyes.

However they can also be asymptomatic (show no symptoms).

The test for chlamydia and gonorrhea is simple and painless.

It involves swabbing the affected areas (vagina, anus, throat) and/or giving a urine sample.

You can perform the swab yourself and it will be explained to you how to do this at your appointment.

## How could I catch it?

They are both passed on through unprotected (without a condom) vaginal, anal or oral sex.

## What treatment is available?

Chlamydia and gonorrhea are treated with antibiotics but if left untreated can be passed on to other sexual partners.

You should avoid having sex for 1 week after you and your partners have been treated.

Some strains of gonorrhea have become resistant to antibiotics, and you may require repeat testing 3 weeks after treatment to make sure the antibiotics have worked.

## Can it be prevented?

Chlamydia and gonorrhea can be prevented by using condoms when you have sex.

Getting tested once a year, or if you have a new sexual partner, can prevent the spread of infection.

## یہ کیا ہے؟

کلیمائیڈیا اور گنوریا عام جنسی طور پر منتقل ہونے والے بیکٹیریل انفیکشنز ہیں۔

دونوں کی علامات میں پیشاب کرتے وقت درد، اندام نہانی، پینس یا مقعد سے غیر معمولی اخراج، پیٹ میں درد، ٹیسٹیکلز میں درد یا سرخ آنکھیں شامل ہو سکتی ہیں۔

تاہم، وہ غیر علامتی بھی ہو سکتے ہیں )کوئی علامات ظاہر نہیں کرتے(۔

کلیمائیڈیا اور گنوریا کے لیے ٹیسٹ کروانا آسان اور بغیر تکلیف کے ہے۔

اس میں متاثرہ جگہوں )اندام نہانی، مقعد، گلے )سے سویب لینا اور/یا پیشاب کا نمونہ دینا شامل ہے۔

آپ سویب خود کر سکتے ہیں اور آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ کے وقت بتایا جائے گا کہ یہ کیسے کرنا ہے۔

## مجھے یہ کیسے ہو سکتی ہے؟

یہ دونوں غیر محفوظ )کنڈوم کے بغیر (اندام نہانی، مقعد یا اورل سیکس کے ذریعے منتقل ہوتے ہیں۔

## کون سا علاج دستیاب ہے؟

کلیمائیڈیا اور گنوریا کا علاج اینٹی بائیوٹکس سے کیا جاتا ہے لیکن اگر علاج نہ کیا جائے تو دوسرے جنسی پارٹنرز کو منتقل ہو سکتے ہیں۔

آپ اور آپ کے پارٹنرز کو علاج کے 1ہفتہ بعد تک جنسی تعلق سے پرہیز کرنا چاہیے۔

گنوریا کی کچھ قسمیں اینٹی بائیوٹکس کے خلاف مزاحم ہو گئی ہیں، اور آپ کو علاج کے 3 ہفتوں بعد دوبارہ ٹیسٹ کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اینٹی بائیوٹک نے کام کیا ہے۔

## کیا اسے روکا جا سکتا ہے؟

جب آپ سیکس کرتے ہیں تو کنڈوم کا استعمال کرنے سے کلیمائیڈیا اور گنوریا کو روکا جا سکتا ہے۔

سال میں ایک بار ٹیسٹ کروانا، یا اگر آپ کا کوئی نیا جنسی پارٹنر ہے، تو انفیکشن کے پھیلاؤ کو روک سکتا ہے۔

Testing, treatment and all forms of contraception including condoms are free in the UK.

You can get access to them from your GP or local sexual health clinic.

## Interpretation and Translation

This leaflet may be made available in a larger print, Braille or your community language and, if necessary, we will provide an appropriate interpreter for appointments.

Please speak to a member of staff.

ٹیسٹ کروانا، علاج اور مانع حمل کی تمام اقسام بشمول کنڈوم برطانیہ میں مفت ہیں۔

آپ اپنے GP یا مقامی جنسی ہیلتھ کلینک سے ان تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## تشریح اور ترجمہ

یہ کتابچہ بڑے پرنٹ، بریل یا آپ کی کمیونٹی کی زبان میں دستیاب ہو سکتا ہے، اور اگر ضروری ہوا تو، ہم ملاقاتوں کے لیے ایک مناسب مترجم فراہم کریں گے۔

براہ کرم عملے کے کسی فرد سے بات کریں۔